© rasailojaraid.com

مرحوم زندگی بھر توحید وسنت پر کاربند رہے۔ اپنی اولاد کی اچھی تربیت کی، کئی مساجد اور مدارس تعمیر کرائیں، مدرسہ دارالحدیث اور مدرسہ سمیہؓ نسوانیہ حیدرآباد دکن ان کیلئے صدقہ جاریہ ہیں جہاں پر سینکڑوں طلباء وطالبات زیر تعلیم ہیں اور مرحوم نے ہزاروں طلباء وطالبات کو زیور تعلیم وتہذیب سے آراستہ و پیراستہ کیا۔ مرحوم جامع مسجد اہل حدیث فتح دروازہ کے بانی، پرسوز قاری، بے لوث خطیب اور پرجوش مبلغ تھے۔ ان کی دینی، علمی اور تبلیغی خدمات گزشتہ پچاس برسوں سے جاری تھیں۔ ان کے بیٹوں میں مولانا محمد عبدالرحمٰن ندوی (دوحہ قطر) شامل ہیں۔ جو درس وتدریس اور دعوت وتبلیغ میں سرگرم عمل ہیں۔

## حضرت مولانا محمد ابراہیم میرپوری (برطانیہ) کو صدمہ

ہمارے فاضل بھائی حضرت مولانا محمد ابراہیم میرپوری ناظم دعوت وتبلیغ مرکزی جمعیت اہل حدیث برطانیہ کے چچا خسر مولانا حاجی لعل دین مغل یکم فروری کو کوٹلی آزاد کشمیر میں انتقال کر گئے۔ إنا لله وإنا إليه راجعون۔ مرحوم مولوی فاضل تھے، فارسی زبان کے جید شاعر تھے۔ مرحوم سرکاری سکول میں ٹیچر تھے مگر ساری زندگی درس وتدریس اور دعوت وتبلیغ کا فریضہ انجام دیتے رہے۔

ادارہ ''حرمین'' مذکورہ بالا مرحومین کیلئے دعا گو ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی بتقاضائے بشریت غلطیوں اور گناہوں سے ان کو معاف فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

## جامع مسجد رحمت الٰہی اہل حدیث بلال ٹاؤن جہلم میں افتتاحی خطبہ جمعہ

چوہدری نصیر احمد آف متیال جہلم نے بلال ٹاؤن میں اپنے والدہ کے صدقہ جاریہ کیلئے برائے تعمیر مسجد قطعہ اراضی جامعہ علوم اثریہ کو وقف کیا۔ الحمدللہ بڑی قلیل مدت میں یہاں مسجد تعمیر کر دی گئی ہے۔

مورخہ 21 مارچ کا افتتاحی خطبہ جمعہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر پڑھائیں گے۔ ان شاءاللہ

## شیخ الحدیث حضرت مولانا پیر محمد یعقوب قریشی کا کامیاب آپریشن

جامعہ علوم اثریہ جہلم کے شیخ الحدیث استاذ الاساتذہ حضرت مولانا پیر محمد یعقوب قریشی صاحب کی گردن میں کچھ غدود بڑھ گئے تھے۔ ڈاکٹروں کے مشورہ پر الائیڈ ہسپتال فیصل آباد میں ان کا کامیاب آپریشن کرکے غدود کو نکال دیا گیا ہے۔ الحمدللہ اب وہ روبصحت ہیں۔

قارئین سے ان کی شفاء کاملہ وعاجلہ کی درخواست ہے۔



© rasailojaraid.com